بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شب برات

حدیث: مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں، جب شعبان کی پندرہویں رات آجائے تو اس رات کو قیام کرو اور دن میں روزہ رکھو کہ رب تبارک وتعالیٰ غروب آفتاب سے آسمان دنیا پر خاص تجلی فرماتا ہے کہ ہے کوئی بخشش چاہنے والا کہ اسے بخش دوں، ہے کوئی روزی طلب کرنے والا کہ اسے روزی دوں، ہے کوئی مبتلا کہ اسے عافیت دوں، ہے کوئی ایسا، ہے کوئی ایسا اور یہ اس وقت تک فرماتا ہے کہ فجر طلوع ہو جائے (ابن ماجہ)

حدیث: ام المؤمنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ حضور نے فرمایا میرے پاس جبرئیل آئے اور کہا یہ شعبان کی پندرہویں رات ہے اس میں اللہ تعالیٰ جہنم سے اتنوں کو آزاد فرماتا ہے جتنے بنی کلب کے بکریوں کے بال ہیں مگر کافر اور عداوت والے اور رشتہ کاٹنے والے اور کپڑا لٹکانے والے اور والدین کی نافرمانی کرنے والے اور شراب کی مداومت کرنے والے کی طرف نظر رحمت نہیں فرماتا۔ (بیہقی)

شب برات کے نوافل

ترکیب: شب برات بعد نماز مغرب چھ رکعتیں نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے، پہلی دو رکعت درازی عمر کے لئے، دوسری دو رکعت دفع بلا کے لئے، تیسری دو رکعت حصول دولت کی نیت سے پڑھے اور ہر دو رکعت کے بعد سورہ یسین شریف ایک بار یا سورہ اخلاص اکیس بار اور اسکے بعد دعائے نصف شعبان المعظم ایک بار پڑھے۔ دعائے نصف شعبان المعظم کے لئے یہاں کلک کریں

ترکیب: 100 رکعت نفل نماز اسطرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس دس بار سورہ اخلاص پڑھے۔

فضیلت: اس نماز کو صلاۃ الخیر کہتے ہیں جو شخص یہ نماز پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی طرف ستّر دفعہ نگاہ کرم فرمائے گا اور ہر نگاہ میں اسکی ستّر حاجتیں پوری فرمائے گا، ادنیٰ حاجت بخشش ہے۔ (غنیۃ الطالبین)

ترکیب: حضور ﷺ نے فرمایا کہ میرا نیاز مند امّتی شب برات میں دس رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص گیارہ گیارہ بار پڑھے۔

فضیلت: اس کے پڑھنے والے کے گناہ معاف ہوں گے اور اس کی عمر میں برکت ہو گی۔ (نزہۃ المجالس)

ترکیب: شعبان کی پندرہویں شب دو رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار سورہ اخلاص پندرہ مرتبہ سلام کے بعد درود شریف 100 مرتبہ پڑھ کر ترقی رزق کی دعا کرے۔

فضیلت: انشاءاللہ تعالیٰ اس نماز کی کے باعث رزق میں ترقی ہو گی۔

ترکیب: شعبان کی پندرہویں رات آٹھ رکعت نماز دوسلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص دس دس مرتبہ پڑھے۔

فضیلت: اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کے لئے بے شمار فرشتے مقرر کرے گا جو اسے عذاب قبر سے نجات کی اور داخل بہشت ہونے کی خوش خبری دیں گے۔

ترکیب: شعبان کی پندرہویں رات چودہ رکعت نماز سات سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کافرون ایک بار سورہ اخلاص ایک بار سورہ علق ایک بار سورہ ناس ایک بار پڑھے سلام کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار پھر سورہ توبہ کی آخری آیات پڑھے،وہ یہ ہیں۔لَقَدْ جَاءكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَؤُوفٌ رَّحِيمٌ۝فَإِنْ تَوَلَّوْاْ فَقُلْ حَسْبِيَ اللّهُ لَا إِلَهَ إِلاَّ هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ۝

فضیلت: دعا کی قبولیت کے لئے خواہ دنیاوی ہو یا دینی یہ نماز بہت افضل ہے۔

وظائف

(1)ماہ شعبان میں روزانہ ہر نماز کے بعد اس دعا کا وِرد مغفرت گناہ کے لئے مفید ہے،دعا یہ ہے۔اَسْتَغْفِرُاللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَقُّ الْقَيُّوْمُ اِلَيْهِ تَوْبَةَ عَبْدٍظَالِمٍ لَا يَمْلِكُ نَفْسَهٗ ضَرّاً وَّ لَا نَفْعاً وَّ لَا مَوْتاً وَّ لَا حَيَاةً وَّ لَا نُشُوْراً۝

(2)رسول اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ ماہ شعبان میں جو کوئی تین ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ کر مجھ کو بخشے روز حشر اس کی شفاعت مجھ پر واجب ہو جائے گی

(3)شعبان المعظم کی چودہ تاریخ کو بعد نماز عصر آفتاب غروب ہونے کے وقت باوضو چالیس مرتبہ،لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِ الْعَظِيْمِ۝ پڑھے اس کے چالیس سال کے گناہ اللہ تعالیٰ معاف فرمائے گا۔

(4)شعبان کی پندرہویں رات سورہ یسین شریف تین دفعہ پڑھنے سے یہ فائدے ہیں،ترقی رزق،درازیٔ عمر،ناگہانی آفتوں سے محفوظ رہنا۔

(5)شعبان کی پندرہویں رات سورہ دُخان سات مرتبہ پڑھنا بہت افضل ہے انشاءاللہ تعالیٰ پروردگار عالم ستّر حاجات دنیا کی ستّر حاجات عقبیٰ کی قبول فرمائے گا۔

نفل روزہ

حدیث: ام المؤمنین صدیقہ فرماتی ہیں حضور اقدس ﷺ کو شعبان سے زیادہ کسی مہینے میں روزہ رکھتے میں نے نہ دیکھا۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سے سوال کیا گیا سب سے افضل نفلی روزے کون سے ماہ میں ہیں، فرمایا شعبان میں! حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص ماہ شعبان کے تین روزے رکھتا ہے اور پھر وہ مجھ پر صلاۃ وسلام پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گذشتہ گناہ معاف فرماتا ہے اور اس کے رزق میں برکت عطا کرتا ہے! حضور سید عالم ﷺ فرماتے ہیں مجھے جبرئیل علیہ السلام نے خبر دی ماہ شعبان میں اللہ تعالیٰ رحمت کے تین سو دروازے کھول دیتا ہے، حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہین جو شعبان میں ایک روزہ رکھتا ہے وہ جنت میں حضرت یوسف علیہ السلام کا ہمسایہ ہو گا، اور اسے حضرت ایوب اور حضرت داؤد علیہما السلام جیسی عبادت کا ثواب عطا ہو، جو شعبان کے مکمل روزے رکھے اللہ تعالیٰ سکرات موت سے نجات عطا فرمائے، قبر کی تاریکیاں اور منکر نکیر کی ہیبت سے محفوظ ہو، (نزہۃ المجالس)

Zia Ul Quran Masjid

2425 Carter Drive, Arlington TX, 76014

www.ziaulquranmasjid.com

Majid: 817.265.8500

Imaam: 817.366.3977